فوری ریلیز کے لیے: 21/6/2023 **گورنر *KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے نیو یارک کے کھیتوں کی پیداوار کی خریداری کو فروغ دینے اور طلباء کے لیے تازہ، مقامی کھانا پیش کرنے کے لیے 850,000$ سے زائد رقم کا اعلان کیا ہے***

***ریاست کے فارم ٹو اسکول پروگرام سے نیو یارک کے کسانوں کی مدد کی جائے گی، زراعت اور غذائیت کی تعلیم بڑھائی جائے گی، اور ریاست بھر کے اسکولوں میں طلباء کی صحت اور بہبود کو بہتر بنایا جائے گا***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست نیو یارک کے فارم ٹو اسکول پروگرام کے راؤنڈ 7 کے ذریعے دس پروگرامز کو 850,000$ سے زیادہ نوازے گئے ہیں۔ فارم ٹو اسکول پروگرام کے ذریعے فراہم کی جانے والی فنڈنگ سے اسکولوں کو مقامی کسانوں کے ساتھ رابطہ کرنے، اسکول کے مینوز میں مقامی طور پر اگائی جانے والی خوراک کے استعمال کو بڑھانے، اور طالب علم کی صحت کو بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے، جبکہ نیو یارک کے کسانوں کے معاشی فوائد میں اضافہ ہوتا ہے۔ چار تنظیموں کو پہلی بار فارم ٹو اسکول پروگرام کے ذریعے فنڈز سے نوازا گیا ہے۔ فارم ٹو اسکول پروگرام، گورنر Hochul کے اس مسلسل عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ پورے نیو یارک میں کھیتوں اور اسکولوں کو بہتر طریقے سے مربوط کیا جائے اور ریاست کے غذائی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے مقامی خریداری کو فروغ دیا جائے۔

"ہمارا فارم ٹو اسکول پروگرام میری انتظامیہ کی کوششوں کا ایک اہم جزو ہے تاکہ ریاست بھر میں نیو یارک کی بالکل تازہ، مقامی مصنوعات کھانے کی میز تک پہنچائی جائیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اسکولوں اور کسانوں کو باہم جوڑتے ہوئے، ہم کسانوں اور پیداوار تیار کرنے والوں کے لیے اہم اقتصادی مواقع مہیا کر رہے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ مقامی طور پر حاصل شدہ، تازہ، صحت مند اور غذائیت سے بھرپور خوراک تک طالب علموں اور پسماندہ آبادی کو رسائی فراہم کر رہے ہیں۔"

نیو یارک کے فارم ٹو اسکول پروگرام سے گریڈ 12 کے اسکولوں کے ذریعے کنڈرگارٹن کے کیفے ٹیریا میں پیش کیے جانے والے کھانوں میں، ریاست نیو یارک میں اگائے جانے والے اور تیار کردہ کھانوں کی خریداری اور استعمال کو فروغ ملتا ہے۔ فارم ٹو اسکول پروجیکٹس، طلباء کی صحت اور بہبود کو بہتر بنانے، زراعت اور غذائیت کی تعلیم کو بڑھانے، مقامی معیشتوں کو مضبوط کرنے اور صحت مند کمیونٹیز کی تعمیر میں مدد کرتے ہیں۔ مزید برآں، ان پروگرامز سے اسکولوں اور کھیتوں کو مقامی کھانے کی خریداری، ذخیرہ کرنے اور پیش کرنے کے چیلنجوں سے نمٹنے میں مدد ملتی ہے، جیسے تازہ، کم سے کم پروسیس شدہ کھانے ذخیرہ کرنے اور تیار کرنے کے لیے آلات کی کمی، اسکولوں کو براہ راست فروخت کرنے والے کھیتوں تک رسائی، اور ایسے تقسیم کاروں کو تلاش کرنا جو نیو یارک کی مصنوعات پہنچائیں۔

ریاست بھر میں تفویض کردہ پراجیکٹس ان مسائل سے نمٹتے ہیں اور ان میں یہ شامل ہیں:

**دارالحکومت کا علاقہ**

- واشنگٹن کاؤنٹی کی کمفرٹ فوڈ انکارپوریشن (نیا تفویض یافتہ) - 100,000$: اس پروگرام سے واشنگٹن، وارن، اور سراٹوگا کاؤنٹیز میں اسکول فوڈ اتھارٹیز کے ذریعے خریدی جانے والی، نیو یارک کی پیداواری

خوراک کی مصنوعات کے حجم اور اقسام میں اضافہ ہو گا۔ یہ پروگرام ان کاؤنٹیز میں طلباء کے لیے زراعت اور غذائیت کی تعلیم کے مواقع کی رابطہ کاری بھی کرے گا۔

**فنگر لیکس**

- کلائیڈ سوانا سنٹرل اسکول ڈسٹرکٹ (نیا تفویض یافتہ) - 100,000$: یہ پروجیکٹ کسانوں اور نیو یارک کے کھیتوں کی مصنوعات کے تقسیم کاروں کے ساتھ موجودہ تعلقات کو مزید فروغ دے گا اور نئے تعلقات استوار کرے گا۔ اس پروجیکٹ میں پائیدار کاشتکاری/ باغبانی کے طریقوں کے ایک نئے نصاب پر بھی توجہ مرکوز کی جائے گی، جس میں ایک گرین ہاؤس بھی شامل ہے جو کہ مقامی مصنوعات پر توجہ مرکوز کرے گا، گریڈ 1-12 کے لیے غذائیت کی تعلیم فراہم کرے گا تاکہ طلباء کو صحت مند کھانے اور خوراک کی پیداوار، تیاری اور تحفظ کے بارے میں ہدایات دی جائیں۔
- ایلبا اسکول ڈسٹرکٹ (نیا تفویض یافتہ) - 100,000$: یہ پروجیکٹ ایلبا اسکول ڈسٹرکٹ کے ذریعے خریدی گئی، ریاست نیو یارک کے کھیتوں کی مصنوعات کے حجم اور مختلف قسم کو بڑھانے کے لیے کام کرے گا تاکہ مقامی فارم وینڈرز کے ساتھ نئے تعلقات کے علاوہ، اسکول کی زمینوں میں طلباء کی طرف اگائی جانے والی کھیتوں کی مصنوعات کو بھی کھانوں میں شامل کیا جا سکے۔

**موہاک ویلی**

- اونیڈا کاؤنٹی میں کارنیل کوآپریٹیو ایکسٹینشن - 99,954$: یہ پروگرام اونیڈا کاؤنٹی کے اسکول ڈسٹرکٹس کے ساتھ مل کر کام کرے گا تاکہ ریاست نیو یارک میں ضروری خوراک کی خریداری کے مقامی عمل کی کارگزاری میں مدد ملے۔ یہ پروگرام کسانوں کی اس سلسلے میں بھی مدد کرے گا کہ فوڈ سروس نیٹ ورک میں روابط استوار کیے جائیں۔

**نیو یارک سٹی**

- NYC محکمۂ تعلیم - 100,000$: نیو یارک شہر کا محکمۂ تعلیم کا غذائی خدمات کا دفتر ( Department of Education Office of Nutrition Services، DOE OFNS) DOE کے لیے مخصوص پیداواری تربیت تیار کرتے ہوئے اسکول کے کھانوں میں نیو یارک کے کھیتوں کی مصنوعات کے حجم اور قسم میں اضافہ کرے گا۔ یہ تربیت کاشتکاروں کو ان آلات اور معلومات میں مدد کرے گی جو خاص طور پر NYC DOE OFNS کو فروخت کرنے کے لیے درکار ہیں اور اضافی متعلقہ سرٹیفیکیشن حاصل کرنے میں ان کی مدد کرے گی۔

**نارتھ کنٹری**

- سراناک لیک سینٹرل اسکول ڈسٹرکٹ - 36,106.16$: اس پروجیکٹ سے کھیتوں کے مقامی شرکاء کی تعداد میں اضافہ کیا جائے گا تاکہ سراناک لیک سینٹرل اسکول ڈسٹرکٹ کے پروگراموں میں شامل کی جانے والی ریاست نیو یارک کے کھیتوں کی مصنوعات کی مختلف اقسام بڑھائی جائیں۔ اس پروجیکٹ سے یہ فصلیں اگانے والے کھیتوں میں تحقیق کرنے اور ان کے ساتھ رابطے میں رہتے ہوئے طلباء کو پیش کیے جانے والے بھرپور اناج اور پھلوں کی انواع و اقسام میں بھی اضافہ کیا جائے گا۔
- فرینکلن کاؤنٹی میں کارنیل کوآپریٹیو ایکسٹینشن ایسوسی ایشن (نیا تفویض یافتہ) - 100,000$: یہ پروگرام فرینکلن کاؤنٹی کے کارنیل کوآپریٹیو ایکسٹینشن اور فرینکلن کاؤنٹی کے تین اسکول ڈسٹرکٹس کے درمیان

باہمی اشتراک پر توجہ مرکوز کرے گا جو اسکول کے کھانے کے پروگرامز میں ریاست نیو یارک کے کھیتوں کی مصنوعات کے حجم اور مختلف اقسام میں اضافہ کرنے میں مدد دے گا۔

- کارنیل کوآپریٹیو ایکسٹینشن ایسوسی ایشن -ایسیکس کاؤنٹی - $64,717: اس پروگرام کے ذریعے CCE ایسیکس کی جانب سے کلنٹن، ایسیکس، اور فرینکلن کاؤنٹیز کے 14 اسکول ڈسٹرکٹس کی مدد کی جائے گی کہ علاقائی سطح پر مقامی خوراک کی خریداری کریں۔ یہ پروگرام کلاس روم میں ماہانہ زراعت اور اسکول ڈسٹرکٹس میں 'اس ماہ کی فصل' کا نصاب بھی فراہم کرے گا۔

**جنوبی سلسلہ**

- بروم-ڈیلاویئر-ٹیوگا بورڈ آف کوآپریٹیو ایجوکیشنل سروسز - $100,000: بروم ٹیوگا BOCES (Broome Tioga BOCES، BT BOCES) اور کمیونٹی شراکت کار مل کر خوراک کی خدمت کے عملے کے لیے کھانا پکانے کی تربیت بڑھانے کے لیے کام کریں گے تاکہ فارم ٹو اسکول کی کوششوں کے لیے صلاحیت پیدا کی جا سکے؛ مقامی خریداری بڑھائی جائے؛ نیو یارک کے پیداکاران کے ساتھ نئے تعلقات استوار کیے جائیں؛ اور طلباء کے لیے جامع تعلیم فراہم کی جائے۔ یہ منصوبہ بروم اور ٹیوگا کاؤنٹیز میں 15 اسکول ڈسٹرکٹس کی خدمت کرے گا۔
- ونڈسر سینٹرل اسکول ڈسٹرکٹ، $100,000: یہ پروجیکٹ ونڈسر سینٹرل اسکول ڈسٹرکٹ اسکول کے کھانے کے پروگرام میں استعمال ہونے والی ریاست نیو یارک کے کھیتوں کی مصنوعات کی مقدار بڑھائے گا اور زرعی تعلیم کو بڑھانے کے لیے ڈسٹرکٹ کی لینڈ لیب کے بنیادی ڈھانچے اور صلاحیت میں اضافہ کرے گا۔

**ریاست نیو یارک زراعت کے کمشنر Richard A. Ball نے کہا،** "ریاست نیو یارک کا فارم ٹو اسکول پروگرام ہمارے اسکولز کی صلاحیتوں کے لیے مؤثر ثابت ہو رہا ہے تاکہ ہمارے اسکول کے بچوں کے لیے کھیتوں کی تازہ، مقامی خوراک خریدی جائے، تیار کی جائے اور پیش کی جائے۔ آج جن متعدد اسکولوں اور تنظیموں کو رقوم تفویض کی گئی ہیں، وہ پہلی بار حصہ لے رہے ہیں اور یہ دیکھ کر خوشی ہوئی ہے کہ ہم ریاست بھر میں اس پروگرام کی رسائی بڑھا رہے ہیں۔ میں اپنی زرعی صنعت کے ساتھ گورنر Hochul کی مسلسل وابستگی پر ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور ان پروجیکٹس کی پیش رفت اور اس پروگرام سے اپنی زرعی کمیونٹی کو پہنچنے والے فوائد کو دیکھنے کا منتظر ہوں۔"

**سینیٹر Michelle Hinchey، صدر سینیٹ کمیٹی برائے زراعت نے کہا** "ہم صحت مند، مقامی طور پر اگائی جانے والی خوراک کو براہ راست اسکول کے کھانے کی میزوں پر لا سکتے ہیں اور اپنی ریاست بھر میں فارم ٹو اسکول شراکت داری کو بڑھاتے ہوئے نیو یارک کے کسانوں کو دیہی اقتصادی ترقی کے طاقتور مواقع فراہم کر سکتے ہیں۔ نیو یارک کے فارم ٹو اسکول پروگرام کو بڑھانے کے ایک بڑے حامی کے طور پر، مجھے بہت خوشی ہو رہی ہے کہ اس گرانٹ کی بہت ساری تفویضات بہت سارے اسکولوں کو پہلی بار پروگرامز بنانے میں مدد کرنے کے لیے دی جا رہی ہیں تاکہ وہ اپنے طلباء اور اسکول کی کمیونٹی کی مدد کر سکیں۔"

**رکن اسمبلی، اسمبلی کمیٹی برائے زراعت کی صدر، Donna Lupardo نے کہا،** "نیو یارک کا فارم ٹو اسکول پروگرام ہمارے اسکولوں کو اپنے طلباء کے لیے تازہ، مقامی طور پر اگائی جانے والی اور تیار کردہ خوراک تک رسائی کے لیے لچک فراہم کرتا ہے۔ مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہو رہی ہے کہ موجودہ پروگراموں کے لیے مسلسل فنڈنگ کے ساتھ ریاست بھر میں مزید تنظیموں کو شامل کرنے کے لیے اس پروگرام میں توسیع ہوتی ہے۔ پورے نیو یارک میں کھیتوں کی ایک متحرک، مقامی معیشت کو برقرار رکھنے اور بڑھانے کے لیے، فارم ٹو اسکول کے ذریعے بنائے گئے تعلقات ضروری ہیں۔"

**کمفرٹ فوڈ کمیونٹی کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر، Amie Collins نے کہا،** "کمفرٹ فوڈ کمیونٹی رقم کی یہ تفویض حاصل کرنے پر بہت خوش ہے۔ ہم اپنی مقامی زرعی کمیونٹی کے ساتھ بات چیت کے طریقوں کو بڑھانے کے لیے تیار اور پرجوش ہیں تاکہ اپنے علاقے کے اسکولوں کو مقامی مصنوعات تک مزید رسائی فراہم کی جائے۔"

**فرینکلن کاؤنٹی کے کارنیل کوآپریٹیو ایکسٹینشن کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Scott Gordon نے کہا،** "فرینکلن کاؤنٹی کے کارنیل کوآپریٹیو ایکسٹینشن کو ریاست نیو یارک کے فارم ٹو اسکول پروگرام کے لیے نئے تفویض یافتہ کے طور پر منتخب ہونے پر فخر ہے۔ ان فنڈز کے ساتھ ایسوسی ایشن کے لیے ممکن ہو گا کہ ایک فارم ٹو اسکول کوآرڈینیٹر کی خدمات حاصل کی جائیں تاکہ تین شریک کار اسکولوں اور مقامی کسانوں کو باہم مربوط کیا جائے تاکہ شمالی نیو یارک میں فارم ٹو اسکول کی بڑھتی ہوئی رفتار میں تیزی لائی جا سکے۔ شمالی ملک کے کسانوں کے لیے معاشی مواقع بڑھانے اور طلباء کے لیے صحت مند، مقامی کھانوں تک رسائی میں اضافہ کرنے کے لیے، یہ پروگرام انتہائی مفید ہے۔"

**کلائیڈ سوانا سینٹرل اسکول ڈسٹرکٹ کے سپرنٹنڈنٹ Michael C. Hayden نے کہا** "فارم ٹو اسکول گرانٹ ہمارے طلباء کی صحت اور بہبود کو ترجیح دینے میں ہماری اجتماعی کوششوں کا ثبوت ہے۔ یہ گرانٹ ایک زیادہ پائیدار اور باہم مربوط کمیونٹی بنانے کی طرف ایک اہم قدم کی نمائندگی کرتی ہے۔ میں ریاست نیو یارک کے محکمۂ زراعت اور مارکیٹس کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا چاہوں گا کہ انہوں نے ہمارے عزم کو تسلیم کیا ہے اور ہمیں یہ ناقابل یقین موقع فراہم کیا ہے۔ باہم مل کر، ہم اپنے طلباء کو بااختیار بناتے رہیں گے، انہیں پائیدار طریقوں کی اہمیت کے بارے میں معلومات دیں گے، اور ایک ایسی نسل کی حوصلہ افزائی کریں گے جو ہمارے اسکول اور ہماری مقامی کاشتکار کمیونٹی کے درمیان تعلقات کی قدر کرتی ہے اور اس سے فائدہ اٹھاتی ہے۔"

**کلائیڈ سوانا سینٹرل اسکول ڈسٹرکٹ کی فوڈ سروس کی ڈائریکٹر Donna Riviello نے کہا،** "میں NY ریاستی محکمہ برائے زراعت اور مارکیٹس سے یہ گرانٹ حاصل کرنے پر بہت زیادہ پرجوش ہوں۔ اس فنڈنگ سے ہمارے ڈسٹرکٹ کو مدد ملے گی کہ اپنی کمیونٹیز میں مقامی کسانوں اور پیداکاران کے ساتھ اپنی موجودہ شراکت داری کو وسعت دی جائے اور اضافہ کیا جائے۔ یہ ہمارے حیرت انگیز فوڈ سروس کے عملے کی طرف سے تازہ، مقامی طور پر حاصل کردہ، خام مال سے تیار کردہ کھانے بنانے میں جو کام پہلے سے کیا جا رہا ہے، اس شاندار کام میں مدد کرے گی۔ مجھے لگتا ہے کہ میں سب سے زیادہ پرجوش ہوں کہ یہ فنڈنگ اس سلسلے میں ہماری مدد کرے گی کہ اپنے طلباء کے لیے پائیدار غذائی نظام بنانے کے لیے سیکھنے کے تجربات کے ساتھ اپنی موجودہ رہنمائی میں اضافہ کیا جائے جس کے نتیجے میں ہمارے بچے سیکھیں گے کہ تازہ، غذائیت سے بھرپور خوراک کیسے اگائی جاتی ہے، اس کی کٹائی کیسے کی جاتی ہے اور اسے محفوظ کیسے کیا جاتا ہے۔ میں "تفصیلات میں جانے" اور شروعات کرنے کے لیے اس سے زیادہ پرجوش نہیں ہو سکتی تھی۔"

**بلیک کریک فارمز کے Patrick Harper نے کہا،** "ہم بلیک کریک فارمز میں اس شراکت داری کو جاری رکھنے اور بڑھانے کے لیے پرجوش ہیں جو ہم نے گزشتہ سال کلائیڈ سوانا کے ساتھ قائم کی ہے۔ کلائیڈ سوانا کے ایک سابق طالب علم اور مقامی 5ویں نسل کے کسان ہونے کے ناطے، ہم اپنی کمیونٹی میں زراعت کے اہم مقام کو سمجھتے ہیں۔ ہم منتظر ہیں کہ طالب علموں کو تازہ پیداوار اگانے کے عمل کے بارے میں تعلیم دی جائے اور عملی طور پر تجربہ فراہم کرنے کے قابل بنایا جائے۔"

ریاست نیو یارک کا فارم ٹو اسکول پروگرام، ریاست نیو یارک کے محکمۂ زراعت اور مارکیٹس (Agriculture and Markets، AGM) کے زیر انتظام ہے۔ یہ پروگرام 2015 میں شروع کیا گیا تاکہ اسکول ڈسٹرکٹس اور انفرادی اسکولوں کے ذریعے مقامی کھانے کی خریداری میں اضافہ کیا جا سکے۔ اسکولوں اور کھیتوں کے ساتھ کام کرنے والے کل 61 اسکول ڈسٹرکٹس یا غیر منافع بخش تنظیموں نے 2015 سے لے کر اب تک 7.1$ ملین سے زیادہ تفویضات وصول کی ہیں تاکہ ریاست نیو یارک میں فارم ٹو اسکول کی کوششوں میں مدد کی جا سکے۔

فارم ٹو اسکول پروگرام کے علاوہ، AGM کی جانب سے ریاست نیو یارک 30 فیصد اقدام کا انتظام بھی کیا جاتا ہے، جو نیو یارک کے کاشتکاروں سے زیادہ مقامی مصنوعات خریدنے اور نیو یارک کے اسکول لنچ کے لیے صحت مند اور غذائیت سے بھرپور مقامی کھانوں میں اضافہ کرنے پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ 30 فیصد اقدام اور فارم-ٹو-اسکول

پروگرام کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔ یہ اعلان مالی سال 2024 کے ریاستی بجٹ میں شامل گورنر کے حالیہ اقدامات پر مبنی ہے، جس کے نتیجے میں اسکولوں کے لیے مقامی خوراک اور غذائی مصنوعات کی خریداری کے لیے صوابدیدی حد کو $20,000 سے بڑھا کر $150,000 کر دیا گیا ہے، جو اس سے پہلے کی حد کی نسبت ایک نمایاں اضافہ ہے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں